**Lang. Code : 20**

# AAT-20-II

प्रश्न-पत्र II / PAPER II

उर्दू भाषा परिशिष्ट

Urdu Language Supplement

भाग IV & V / PART IV & V

परीक्षा पुस्तिका संकेत
Test Booklet Code

**M**

परीक्षा पुस्तिका संख्या
Test Booklet No.

इस पुस्तिका में **16** पृष्ठ हैं ।
This booklet contains **16** pages.

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 15 व 16)पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें ।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 15 & 16) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें । / For instructions in Urdu see Page 2 of this Booklet.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं** ।
2. परीक्षार्थी भाग I, II, III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से ।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं । भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं ।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें ।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **M** । यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है । अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग-IV : भाषा-I (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा-II (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं । इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं । **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए । जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए ।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो ।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें ।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें । अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें । उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है ।

## *INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES*

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Parts I, II, III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page / marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **M**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part-IV : Language-I (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language-II (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part -V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Name of the Candidate (in Capitals) :
अनुक्रमांक : (अंकों में) ____________________
Roll Number : in figures
: (शब्दों में) ____________________
: in words
परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ____________________
Centre of Examination (in Capitals) :
परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ____________ निरीक्षक के हस्ताक्षर : ____________
Candidate's Signature : Invigilator's Signature :
Facsimile signature stamp of
Centre Superintendent ____________________

**M**

امتحان سوالنامہ کوڈ

**M**

# AAT-20-II

**Lang. Code : 20**

پرچہ – II

## ضمیمہ اُردو زبان

حصّہ IV ، V

اس کتابچہ میں **16** صفحات ہیں

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت 15 ، 16 پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) **یا** حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔ **مگر دونوں میں نہیں**۔
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I اور حصّہ II یا حصّہ III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جواب زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے/کوائف لکھنے کے لئے **صرف کالے/ نیلے بال پین** کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **M** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحے **2** پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے **دو** حصّے ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک (1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/زبانوں کو زبان I اور/ یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ____________________

رول نمبر : اعداد میں ____________________

: الفاظ میں ____________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ____________________

امیدوار کے دستخط : ____________________ نگراں کے دستخط ____________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ____________________

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-IV (Q.No. 91-120), if they have opted URDU as Language-I only.**

→

## حصّہ - IV
## زبان - I
## اُردو

**اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔**

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 91 تا 99)**

ایم۔ایس۔ سُبّالکشمی نے ایسے خاندان میں آنکھ کھولی جو کلاسیکی سنگیت کا دلدادہ تھا۔ ان کی والدہ وینا بجانے میں اور دادی وائلن بجانے میں کمال رکھتی تھیں۔ سُبّالکشمی نے سنگیت کی ابتدائی تربیت اپنی ماں سے حاصل کی۔ سُبّالکشمی کی آواز اور گائکی میں فطری حسن تھا۔ جب ان کے وطن مدورئی میں ان کی شہرت پھیلی تو ان کی والدہ نے انھیں مدراس لے جانے کا فیصلہ کیا تاکہ دور دراز کے لوگ بھی ان کی صلاحیت سے آگاہ ہوسکیں۔ اس زمانے میں اسٹیج پر عورتوں کے گانے کا رواج نہیں تھا۔ لوگ اسے معیوب سمجھتے تھے۔ سُبّالکشمی نے اس روایت کو توڑنے کا ارادہ کر لیا اور اسٹیج پر اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کی ٹھان لی۔ انھوں نے بہت جلد اپنی صلاحیت کا لوہا منوا لیا اور ان کے ہنر کی خوشبو ہر طرف پھیل گئی۔ ان کی شخصیت میں غیر معمولی متانت اور پاکیزگی بھی تھی۔ لوگ ان کی آواز سے محبت کرتے تھے اور انھیں احترام کی نظر سے دیکھتے تھے۔

**91.** سُبّالکشمی کی آواز اور گائکی میں کیا تھا ؟
(1) نغمگی
(2) مٹھاس
(3) فطری حسن
(4) دل آویزی

**92.** سُبّالکشمی کی والدہ نے انھیں مدراس لے جانے کا فیصلہ کیوں کیا ؟
(1) تاکہ ان کی مزید تربیت ہو سکے
(2) دوردراز کے لوگ بھی ان کی صلاحیت سے آگاہ ہوسکیں
(3) وہ موسیقی سے اعلیٰ ڈگری لے سکیں
(4) تاکہ ان کو گانے کے مزید مواقع مل سکیں

**93.** اس زمانے میں اسٹیج پر عورتوں کے گانا گانے کو کیا سمجھا جاتا تھا ؟
(1) معتبر سمجھا جاتا تھا
(2) ناگوار سمجھا جاتا تھا
(3) معیوب سمجھا جاتا تھا
(4) اچھا سمجھا جاتا تھا

**94.** سُبّالکشمی نے روایت کو توڑ کر کیا کرنے کی ٹھانی ؟
(1) مدورئی واپس جانے کی
(2) اسٹیج پر اپنے فن کا مظاہرہ کرنے کی
(3) موسیقی کی دنیا سے کنارہ کرنے کی
(4) اسٹیج پر زیادہ پروگرام نہ کرنے کی

**95.** سُبّالکشمی کی شخصیت کیسی تھی ؟

(1) ان میں غیر معمولی متانت اور پاکیزگی تھی

(2) ان میں خلوص اور محبت کا جذبہ تھا

(3) وہ نیک دل اور ہمدرد تھیں

(4) ان میں ذہانت اور متانت تھی

**96.** فن کی جمع ہے

(1) فنون

(2) فنونیات

(3) افوانون

(4) فنوناتین

**97.** محبت کا متضاد ہے

(1) بغض

(2) نفرت

(3) عناد

(4) حسد

**98.** ایم۔ایس۔ سُبّالکشمی کا خاندان کس سنگیت کا دلدادہ تھا ؟

(1) لوک سنگیت کا

(2) کلاسیکی سنگیت کا

(3) شاستریہ سنگیت کا

(4) رویندر سنگیت کا

**99.** انھوں نے سنگیت کی ابتدائی تربیت کس سے حاصل کی ؟

(1) دادی سے

(2) ماں سے

(3) بہن سے

(4) نانی سے

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال 100 تا 105)**

لو آ گیا آہی گیا برسات کا موسم
پھر دل کو لبھانے لگا برسات کا موسم

باغوں میں بہار آئی ہرے ہو گئے جنگل
پربت کو لگے چومنے پھر دودھیا بادل

آموں کی بڑی ڈالوں پر بندھنے لگے جھوُلے
یہ شرط ہے وہ جھوُلے جو آکاش کو چھوُلے

دنیا سبھی گانے لگی مستی کے ترانے
اک سال میں آتے ہیں یہ دن رات سہانے

سوکھے ہوئے جو کھیت تھے سیراب ہوئے ہیں
مرجھائے ہوئے پھول بھی شاداب ہوئے ہیں

**100.** پربت کو کون چومنے لگے ؟

(1) دودھیا بادل

(2) کالے بادل

(3) گہرے بادل

(4) سیاہ بادل

**101.** شاعر نے آموں کی ڈالیوں پر جھوُلنے کی کیا شرط رکھی ہے ؟

(1) وہ جو خوب تیز جھوُلے

(2) وہ جھوُلے جو آکاش کو چھوُلے

(3) وہ جو خوب دیر تک جھوُلے

(4) وہ جو لمبی لمبی پینگیں بھریں

**102.** برسات کی وجہ سے کھیت سیراب ہونے کے ساتھ کون سے پھول شاداب ہوئے ؟

(1) مرجھائے ہوئے پھول

(2) گلاب کے پھول

(3) سورج مکھی کے پھول

(4) چمیلی کے پھول

**103.** دنیا سبھی گانے لگی _____ کے ترانے

ذیل میں دیے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریے :

(1) ہستی

(2) مستی

(3) خوشی

(4) مسرّت

**104.** دن کا متضاد ہے

(1) شب

(2) رات

(3) روز

(4) صبح

**105.** شاعر نے کس موسم کو دل کو لبھانے والا کہا ہے ؟

(1) بہار کے موسم کو

(2) برسات کے موسم کو

(3) سردی کے موسم کو

(4) گرمی کے موسم کو

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال 106 تا 120)**

**106.** ہر زبان کے اپنے قواعد ہیں اور یہ

(1) اصول کے تابع ہوتے ہیں

(2) ریاست کے تابع ہوتے ہیں

(3) مرکز کے تابع ہوتے ہیں

(4) رسم خط کے تابع ہوتے ہیں

**107.** سہ لسانی فارمولے کے مطابق تیسری زبان ہوتی ہے

(1) پورے ملک میں ایک جیسی

(2) صرف سنسکرت

(3) ہندی اور غیر ہندی بولنے والی ریاستوں کے لیے علاحدہ

(4) صرف کوئی غیر ملکی زبان

**108.** ایک استاد کلاس روم میں ''بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ'' کا پوسٹر لاتا ہے اور دیوار پر چسپاں کر دیتا ہے۔ وہ طلبا سے اسے بغور دیکھنے اور پھر اس سے متعلق ایک اقتباس لکھنے کے لیے کہتا ہے۔ یہاں زبان کے استاد کے ذریعہ استعمال کردہ پوسٹر کیا ہے ؟

(1) مستند مواد

(2) مربوط مواد

(3) درست مواد

(4) بے کار مواد

**109.** ''روانی'' کا مطلب ہے

(1) بغیر غلطی کے لکھنا

(2) قواعد کے اصولوں کی صاف صاف وضاحت اور استعمال

(3) جملوں کی درست ادائیگی

(4) برجستگی کے ساتھ اپنے اظہار کے لیے بولنا، پڑھنا اور لکھنا

**110.** پڑھنے کا ''نیچے سے اوپر'' انداز نظر زور دیتا ہے

(a) آواز (b) ہجہ

(c) جملہ (d) لفظ

(e) حرف

(1) a, d, e, b, c

(2) a, b, c, d, e

(3) a, e, b, d, c

(4) b, c, a, e, d

**111.** درج ذیل میں سے کون زبان کے اکتساب کے ''سماجی تعامل'' کے نظریات پر مبنی ہے ؟

(1) زبان کے آموزگار کا سابقہ قابل فہم متن سے پڑنا چاہیئے متن کے اشکال کی سطح تھوڑی اونچی ہونی چاہیئے

(2) زبان کی آموزش اس وقت ہوسکتی ہے جب نصاب سے پرے کسی زبان پر توجہ دی جائے

(3) زبان کی آموزش اس وقت ہوسکتی ہے جب انھیں نقل کرنے اور اسے بہتر بنانے کا موقع ملے

(4) زبان کے آموزگار کے لیے ضروری ہے کہ اسے دوسروں کے ساتھ معانی پر تبادلہ خیال اور بحث و مباحثے کا موقع ملے

**112.** ذیلی مہارت کی حیثیت سے پیش گوئی کا تعلق ہے

(1) مسودہ تیار کرنا

(2) تلخیص کرنا

(3) نوٹ تیار کرنا

(4) پڑھنا

**113.** جب طلبا ملازمت کے بہترین مواقع کے لیے زبان سیکھتے ہیں تو زبان سیکھنے کا محرک ہوتا ہے

(1) فطری/ باطنی

(2) خارجی

(3) ملازمت مرکوز

(4) انا مرکوز

**114.** زبان کے موثر کلاس کی سب سے اہم خصوصیت آموزگاروں کو ______ کا موقع فراہم کرنا ہے۔

(1) تعین قدر

(2) نقل

(3) تعامل

(4) غلطیوں کو کم کرنے

**115.** شمولیتی کلاس روم میں تدریس کے وقت زبان کے استاد کو چاہیے کہ

(1) باصلاحیت طلبا کو کمزور طلبا کا خیال رکھنے کے لیے کہے

(2) مختلف آموزشی انداز اپناتے ہوئے آموزشی عمل میں ان کی مدد کرے

(3) ان کے مسائل کے حل کے لیے پرنسپل سے خصوصی تربیت کار کی سفارش کرے

(4) اس کی یقین دہانی کرائے کہ وہ اسکول میں اپنے چھے گھنٹے خاموشی سے مکمل کرتے ہیں

**116.** زبان کی مہارت کے لیے سب سے اہم عامل کون سا ہے؟

(1) صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھنا

(2) درسی کتاب کے سبق کے آخر میں دیے ہوئے مشق کو کرنا

(3) درستگی اور روانی کو فروغ دینا

(4) تدریس کے سستے یا مفت امدادی اشیا کا استعمال کرنا

**117.** زبان کا ایک موثر استاد

(1) استاد کے بات کرنے کا وقت زیادہ کرتا ہے

(2) طلبا کے بات کرنے کا وقت زیادہ کرتا ہے

(3) طلبا کے بات کرنے کا وقت کم کرتا ہے

(4) گروپ میں اور جوڑوں میں کیے جانے والے کام کو کم کرتا ہے

**118.** مختلف رنگ برنگے تصاویر سے مزین ماحول _____ اور _____ آموزش کا حصہ ہے۔

(1) اسکول، کمرۂ جماعت

(2) پڑھنا، خود

(3) خواندگی، زبان

(4) خود، ہم جولی

**119.** ماخذ کی حیثیت سے کثیر لسانیت کا مطلب ہے

(1) کئی زبانوں کی آموزش

(2) بچے کی زبان میں ہر لفظ کا مساوی لفظ فراہم کرنا

(3) درسیات سے پرے زبان کی تدریس

(4) آموزگار کی زبان کا بطور حکمت عملی استعمال

**120.** انکت آپ کی کلاس کا ایسا طالب علم ہے جو نابینا ہے۔ زبان کے استاد کی حیثیت سے آپ کیا کریں گے؟

(1) مشق کے لیے مختلف قسم کی ورک شیٹ پر توجہ مرکوز کریں گے

(2) اپنی تدریس کے دوران مختلف قسم کی بصری پیش کش کا استعمال کریں گے

(3) مختلف قسم کے حرکات وسکنات اور بدن زبان کا استعمال کریں گے

(4) سُر اور سکتوں کو بروے کار لاتے ہوئے لفظوں کو صاف صاف ادا کریں گے اور ''چھونے اور محسوس کرنے'' والے مواد کو شامل عمل رکھیں گے

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-V (Q.No. 121-150), if they have opted URDU as Language-II only.**

## حصّہ - V
## زبان - II
## اُردو

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال نمبر 121 تا 128)**

ایک دکان دار تجارت کی غرض سے گھوڑے پر سوار ہوکر جا رہا تھا کہ بے خیالی میں شہر سے بہت دور نکل گیا اور ایک جنگل میں جا نکلا۔ ابھی یہ دُھن میں آگے جا ہی رہا تھا کہ پیچھے سے چھ آدمیوں نے اس پر حملہ کر دیا۔ اُس نے ان کے دو ایک وار تو خالی دیے، لیکن جب دیکھا کہ وہ چھ ہیں تو سوچا کہ اچھا یہی ہے کہ ان سے بچ کر نکل چلوں۔ اُس نے گھوڑے کو گھر کی طرف پھیرا۔ سچ یہ ہے کہ دکاندار کے گھوڑے نے اسی دن اپنے دام وصول کرا دیے کچھ دیر بعد ڈاکوؤں کے گھوڑے پیچھے رہ گئے اور گھوڑا دکان دار کی جان بچاکر اسے گھر لے آیا۔ اُس روز گھوڑے نے اتنا زورلگایا کہ اس کی ٹانگیں بے کار ہو گئیں۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کچھ دنوں بعد غریب کی آنکھیں بھی جاتی رہیں۔ لیکن دکان دار کو اپنے وفادار گھوڑے کا احسان یاد تھا، اس نے اپنے سائیس کوحکم دیا کہ جب تک گھوڑا جیتا رہے، اس کو روز صبح شام چھے سیر دانہ دیا جائے اور اس سے کوئی کام نہ لیا جائے۔ سائیس نے اس حکم پر عمل نہ کیا اور روز بروز گھوڑے کا دانہ کم کرتا گیا۔ یہی نہیں بلکہ ایک روز اسے اپاہج اور اندھا سمجھ کر اصطبل سے نکال دیا۔

**121.** جب وہ جنگل سے گزرا تو اس کے ساتھ کیا ہوا ؟
(1) اس پر شیر نے حملہ کر دیا
(2) وہ طوفان میں پھنس گیا
(3) وہ جنگل میں راستہ بھول گیا
(4) اس پر چھے آدمیوں نے حملہ کر دیا

**122.** دکان دار کی جان بچاکر کون گھر لے آیا ؟
(1) ایک اجنبی
(2) اس کا گھوڑا
(3) اس کا دوست
(4) ایک ہاتھی

**123.** مالک کی جان بچانے میں گھوڑے کا کیا ہوا ؟
(1) اس کی دونوں ٹانگیں بے کار ہو گئیں
(2) وہ بری طرح زخمی ہو گیا
(3) اس کی جان چلی گئی
(4) وہ ادھ مرا ہو گیا

**124.** دکان دار نے سائیس کو کیا حکم دیا ؟
(1) گھوڑے کی روز مالش کی جائے
(2) گھوڑے کو روز صبح و شام چھ سیر دانہ دیا جائے اور کوئی کام نہ لیا جائے
(3) گھوڑے کو اچھی جگہ رکھا جائے
(4) گھوڑے کا علاج اچھا کیا جائے

**125.** سائیس روز بروز اس کے ساتھ کیا کرتا گیا ؟

(1) گھوڑے کا دانہ کم کرتا گیا

(2) گھوڑے سے خوب کام لیتا رہا

(3) اس کے ساتھ برا سلوک کرتا رہا

(4) اس کو برا بھلا کہتا رہا

**126.** جنگل کی جمع ہے

(1) جنگلوں

(2) جنگلاتوں

(3) جنگلاتین

(4) جنگلین

**127.** غریب کا متضاد ہے

(1) رئیس

(2) امیر

(3) مالدار

(4) سرمایہ دار

**128.** دکان دار گھوڑے پر سوار ہوکر کس لیے جا رہا تھا ؟

(1) گھر کا سامان خریدنے کی غرض سے

(2) تجارت کرنے کی غرض سے

(3) کسی دعوت میں جانے کی غرض سے

(4) کسی کو ڈھونڈنے کی غرض سے

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال نمبر 129 تا 135)**

ہماری بڑھتی ہوئی آبادی کے لیے پانی کی فراہمی مشکل مسئلہ ہے۔ جنگلوں کے کٹ جانے اور موسموں میں تبدیلی کی وجہ سے بارش کم ہو رہی ہے۔ زیر زمین پانی بورویلس کی پاس پاس کھدائی سے خشک ہو رہا ہے۔ غذا یعنی اناج، دودھ، ترکاریاں، پھل، گوشت، انڈے اتنی تعداد میں فراہم کریں کہ وہ ہماری مانگ کا مقابلہ کر سکیں۔ ہندوستان اب صرف زرعی ملک نہیں رہا بلکہ صنعتی ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ نئے نئے کارخانے شہری آبادی کے قریب کھل رہے ہیں۔ان کارخانوں کی چمنیاں دھواں اگلتی ہیں۔انسانوں کے لیے جو تازہ اور صاف ہوا چاہیے وہ کم یاب ہوتی جا رہی ہے۔

**129.** بارش کم ہونے کی وجہ کیا ہے ؟

(1) جنگلات کا کٹنا

(2) جانوروں کا شکار

(3) گرمی کا زیادہ ہونا

(4) آبادی کا بڑھنا

**130.** زیر زمین پانی کیوں خشک ہو رہا ہے ؟

(1) بڑی بڑی عمارتیں بنوانے سے

(2) بورویلس کی پاس پاس کھدائی سے

(3) صنعتیں لگانے سے

(4) کارخانوں کے گندے پانی سے

**.131** نئی صنعتیں کہاں پر کھل رہی ہیں ؟
(1) گاؤں کے اندر
(2) شہری آبادی کے قریب
(3) جنگلوں کے نزدیک
(4) سمندر کے قریب

**.132** کارخانوں کے دھوئیں سے کیا ہو رہا ہے ؟
(1) چاروں طرف دھواں چھا جاتا ہے
(2) پیڑ پودے ختم ہوتے جا رہے ہیں
(3) تازہ اور صاف ہوا کم ہوتی جا رہی ہے
(4) ماحول آلودہ ہوتا جا رہا ہے

**.133** مشکل کی جمع ہے
(1) مشکلوں
(2) مشکلاتوں
(3) مشکلاتیں
(4) مشکلاتین

**.134** قریب کا متضاد ہے
(1) دوٗر
(2) پاس
(3) نزدیک
(4) طویل

**.135** آبادی کے بڑھ جانے سے سب سے مشکل مسئلہ کیا کھڑا ہوا ؟
(1) غذا کا
(2) پانی کا
(3) بیماری کا
(4) نوکری کا

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 136 تا 150)**

**.136** سبق کے اختتام پر استاد طلبا سے مقررہ متن سے مختلف اسموں (اسم معرفہ، اسم نکرہ وغیرہ) کو الگ کرنے اور اپنی کاپیوں میں لکھنے کے لیے کہتا ہے۔ یہ ______ کی مثال ہے۔
(1) قواعد کے اصولوں کے رٹنے
(2) قواعد کی تدریس
(3) قواعد کے وضاحت کے طریقے
(4) سیاق میں قواعد

**.137** درج ذیل میں ایک تحت الشعوری عمل ہے اور طلبا اس کا استعمال ترسیل کے لیے کرتے ہیں
(1) زبان کی آموزش
(2) زبان کا اکتساب
(3) دوسری زبان
(4) لسانی مہارت

**.138** ایک استاد کی حیثیت سے آپ بچوں میں مطالعے کا شوق کس طرح پیدا کرتے ہیں ؟
(1) ان سے صرف درسی کتاب پڑھنے کے لیے کہہ کر
(2) اسباق کی تلخیص یاد کرا کر
(3) بچوں میں شوق پیدا کرنے والے ان کی عمر کے مناسب ادب اطفال کے استعمال سے
(4) متن کا ان کی مادری زبان میں ترجمہ کرکے اور پھر ان سے سوالوں کا جواب یاد کرنے کے لیے کہہ کر

**139.** درج ذیل میں سے کون بچوں کی زبان کی آموزش کی سطح کو جانچنے میں معاون ہوگا ؟

(1) بچوں سے یاد کی ہوئی نظم کو باآواز بلند پڑھنے کے لیے کہنا

(2) سبق کا ان کیمادری زبان میں ترجمہ کرنا

(3) انھیں اپنے خیالات اور احساسات کے آزادانہ اظہار کا موقع فراہم کرنا

(4) طلبا سے نظم میں مستعمل شعری آلۂ کار کو معلوم کرنے کے لیے کہنا

**140.** موضوع سے متعلق معلومات اور حالات کے مطابق طلبا شنیدہ اقتباس جملوں، محاوروں اور لفظوں سے خاص معنی اخذ کرتے ہیں۔ شنیدہ پیغام کی اس طرح طوجیہہ ہوتی ہے

(1) نیچے سے اوپر ذیلی مہارتیں

(Bottom up sub skills)

(2) اوپر سے نیچے ذیلی مہارتیں

(Top down sub skills)

(3) کل لسانی انداز نظر

(Whole language approach)

(4) مربوط انداز نظر

(Integrated language approach)

**141.** آموزگاروں کو زبان کے حوالے سے ہوئی ان کی پیش رفت کے بارے میں فیڈ بیک دینے کا سب سے موثر طریقہ کیا ہے ؟

(1) استاد کو طلبا کی خامیوں کو جلد از جلد نشان زد کرنا چاہیئے

(2) استاد کو صرف ان ہی طلبا کو فیڈ بیک فراہم کرنا چاہیئے جو زبان کے استعمال میں سب سے زیادہ غلطیاں کرتے ہیں

(3) استاد کو چاہیئے کہ غلطیوں کا تجزیہ کرے اور پھر ان کے ازالے کے لیے حکمت عملی وضع کرے اور مادری زبان کے اثر کے باعث ہونے والی غلطیوں کو نظرانداز کرے

(4) استاد کو یہ سمجھ کر غلطیوں کو نظرانداز کرنا چاہیئے کہ ممکن ہے کہ طلبا کو کلاس میں اپنی غلطیوں کی نشان دہی پسند نہ ہو

**142.** درسی کتاب سے پرے جانے کا مطلب ہے

(1) درسی کتاب کی سطح سے تھوڑا اوپر پڑھانا

(2) درسی کتاب کے علاوہ اضافی مواد فراہم کرنا

(3) درسی کتاب مکمل کرنا ضروری نہیں ہے

(4) درسی کتاب کے اشکال کی سطح طلبا کے ادراک کی سطح سے پرے ہے

**143.** زبان کے سبق کی تدریس کے دوران استاد کو سائنس اور سماجی علوم کے اسباق میں زیر بحث لانا اور طلبا کو وہ مواد پڑھنے کے لیے کہنا چاہیئے کیوں کہ یہ زبان کے سبق کے ساتھ مربوط ہوتا ہے۔ اس طرح کا انداز نظر ہوتا ہے

(1) بین العلومی

(2) نصاب سے پرے زبان

(3) زبان کی تکثیری تدریس

(4) مضمون - زبان کی تدریس

**144.** آموزگاروں کو کسی قابل بنا کر بولنے کی مہارت کو سب سے بہتر انداز میں فروغ دیا جا سکتا ہے

(1) دقت طلب اور پیچیدہ متن پڑھنے کے قابل بنا کر

(2) استاد کے فراہم کردہ تلفظ کے نمونوں کو سن کر

(3) اصل زندگی جیسے حالات میں ترسیل کے قابل بنا کر

(4) بولتے وقت تمام طرح کی غلطیوں سے بچ کر

**145.** قواعد کی آموزش آموزگاروں کو کیا بہتر بنانے میں معاون ہوتی ہے؟

(1) خواندگی

(2) صحت و درستگی

(3) روانی

(4) ذخیرۂ الفاظ

**146.** زبان کا استاد طلبا سے برسات سے متعلق اپنے تجربات کو سامنے بیٹھے والدین سے بیان کرنے کے لیے کہتا ہے۔ اس طرح کی مشق سے

(1) تجربات بیان کرتے وقت کلاس میں شوروغل ہوگا

(2) خیالات کے اظہار کی قوت میں اضافہ ہوگا

(3) کلاس روم میں بدنظمی پیدا ہوگی

(4) درسی کتاب پڑھنے کی بوریت کا خاتمہ ہوگا

**147.** لکھنے کے عمل کے انداز رسائی میں شامل ہوتا ہے

(a) ایڈیٹنگ (b) غوروخوض

(c) دہرانا (d) مسودہ تیار کرنا

(1) a, b, c, d

(2) b, c, a, d

(3) a, d, c, b

(4) b, d, c, a

**148.** زبان کا استاد طلبا سے اپنی سب سے بہترین پانچ چیزوں کو پورٹ فولیو میں رکھنے اور باقی کو مٹانے کے لیے کہتا ہے۔ اس کے بعد طلبا سے اپنی منتخبہ پانچ چیزوں پر غوروفکر کرنے کے لیے کہتا ہے۔ یہ غوروفکر ہوگی

(1) ہمجولیوں کی جانچ

(2) خود سے جانچ

(3) استاد کی جانچ

(4) تکمیلی جانچ

**149.** ابتدائی سطح پر زبان کی آموزش کا سب سے اہم ماخذ کیا ہے؟

(1) ادب اطفال

(2) اخبار

(3) کمپیوٹر

(4) کلاس روم کی ساری چیزیں

**150.** طلبا میں زبانی مہارتوں کو فروغ دینے کے لیے سب سے کم اہم سرگرمی کون سی ہے؟

(1) کسی چیز کی وضاحت

(2) ان کی زبان میں کہانی سنانا

(3) استاد کے بعد کہانی کو دہرانا

(4) کسی حادثے کا بیان

**نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :**

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے/ نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کرکے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ/سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کا دور میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحال ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کیمونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کیمونی کیشن کو سوئچ آف کرکے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان کے امتحان کو ردّ بھی کیا جا سکتا ہے۔
9. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے/ ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔
12. الیکٹرونک/ ہاتھ کے کیلکولیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول و ضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے/ جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

**निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :**

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें ।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **काले/नीले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें । एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है ।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ । परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें ।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के संकेत या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी ।
5. परीक्षा पुस्तिका / उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका संकेत व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से हाज़िरी-पत्र में लिखें ।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी । इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए ।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है ।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्वीच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए । इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और उनके विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित ।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें ।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं हाज़िरी-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे । यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार हाज़िरी-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा । **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान हाज़िरी-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक / हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है ।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी बोर्ड के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं । अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला बोर्ड के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा ।
14. किसी हालत में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें ।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल / कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र कक्ष-निरीक्षक को अवश्य सौंप दें । परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं ।**

**READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY:**

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Black/Blue Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet / Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/ room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/ rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against them including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his / her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his / her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/ Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where a candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic / Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Board with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Board.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***